جانسن ویکسین اختیاری طور پر

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جانسن ویکسین کرونا ویکسینیشن پروگرام سے باہر پیش کی جائے گی۔ 15 جون سے ، آپ نجی ڈاکٹروں ، ویکسینیشن کلینک اور کچھ جی پی کے ساتھ تشخیص کے لیے ملاقات کا وقت لے سکتے ہیں جو ویکسین کی پیشکش کریں گیں ۔

جو افراد جانسن ویکسین لگوانا چاہتے ہیں وہ ڈاکٹر سے رابطہ کرنے سے پہلے helsenorge.no پر جائیں اور اس ویکسین کے بارے میں پڑھیں کہ کس کو اس کی پیشکش کی جاسکتی ہے۔

وزیر برائے صحت اور نگہداشت کی خدمات بینٹ ہوئیٔ نے کہا، حکومت کا خیال ہے کہ کچھ لوگوں کے لیےاس ویکسین کو اختیار ی طور پر پیش کرنا درست ہے جو اس کے معیار پر پورا اتریں گے۔ ہم بنیادی طور پر لوگوں کو ویکسینیشن پروگرام پر عمل کرنے کی سفارش کرتے ہیں ، لیکن کچھ کے پاس جانسن ویکسین لگوانے کی خواہش کی اچھی وجوہات ہوسکتی ہیں۔

یورپین ادویات ایجنسی (ای ایم اے) کے ذریعہ جانسن ویکسین کی منظوری دی گئ ہے ،اور یہ یورپ کے بیشتر ممالک میں ویکسینیشن پروگرام کا حصہ ہے۔ ویکسین ایک واحد خوراک کی صورت میں ہے جس کا مطلب ہے کہ آپ کو یہ ویکسین د یئے جانے کے تین ہفتوں بعد پوری طرح ویکسین شدہ ہوں گے۔

محکمہ برائے صحت کا خیال ہے کہ ان حالات میں یہ ویکسین معقول ہوسکتی ہے:

- زیادہ انفیکشن والے ممالک کی طرف ضروری سفر یا علاقے جہاں ڈاکٹر اندازہ لگاتے ہوں کہ جانسن ویکسین سےافادہ خطرے سے کئ زیادہ ہے۔
- ایسے افراد جن کی زندگی اس بات کی متقاضی ہو کہ جب تک کوئی دوسری ویکسین پیش نا کی جا سکتی ہو، موت اور زندگی کا سوال ہو۔
- جب کسی قریبی کنبہ کے فرد کو شدید کینسر ہو ، یا جہاں ایک قریبی کنبہ کے فرد کو دوسرے مدافعتی علاج کا سامنا ہو اور ڈاکٹر غور کرتا ہے کہ جانسن ویکسین کا افادہ خطرے سے زیادہ ہے۔

- جب ڈاکٹر یہ غور کرے کے ایک شدید نفسیاتی بیماری ہے، اور طویل تنہائی اور بھاری عملی بوجھ کی بنا پر زندگی کا خطرہ یا معیار زندگی میں نمایاں خرابی کا باعث ہے
- اس کے علاوہ ، ایک مخصوص طبی پیشہ ورانہ تشخیص کی بنیاد پر ، ایسے معاملات ہوسکتے ہیں جہاں ڈاکٹر ، جامع تشخیص پر اور اس شخص کی زندگی کی صورتحال کے بارے میں معلومات پر مبنی تشخیص کرتے ہیں کہ فرد کو حاصل ہونے والے فوائد خطرے سے کہیں زیادہ ہیں۔ یہ فرد کی زندگی کی صورتحال پر مبنی ہونا چاہئے۔

وزیر برائے صحت اور نگہداشت کی خدمات بینٹ ہوئیٔ کا کہنا تھا، یہ کافی سخت معیارات ہیں جس کا مطلب ہے کہ جو کوئی بھی یہ ویکسین لگوانا چاہتا ہے اس کو ڈاکٹر کی طرف سے انکار بھی ہو سکتا ہے۔

ڈاکٹروں پر ویکسین کی پیشکش دینا لازم نہیں

ڈاکٹر کے پاس یہ فیصلہ کرنے کا حق محفوظ ہے کہ آیا کسی مریض کو جانسن ویکسین لگنی چاہئے یا نہیں۔ مریض کو فیصلے میں حصہ لینے کا حق ہے ، لیکن وہ ویکسین لینے کا مطالبہ نہیں کرسکتا ہے۔ ویکسین اور ویکسینیشن مفت فراہم کی جائےگی۔ مشاورت اور ویکسینیشن کے سلسلے میں ڈاکٹروں کے لئے معاوضے کے لیے الگ نرخ مقرر کیے گئے ہیں۔

ہوئیٔ نے کہا، یہ تقاضا نہیں ہے کہ ڈاکٹر جانسن ویکسین کی پیشکش کریں ، نجی ڈاکٹر اور ٹریول ویکسینیشن کلینک اگر چاہیں تو یہ ویکسین لکھ کر دے سکتے ہیں۔ ہر ڈاکٹر لوگوں کی خواہش کو مد نظر رکھتے ہوئے ویکسین کی طبی پیشہ ورانہ اور افادیت کا جائزہ ٹھوس طریقے سے لے سکتے ہیں پیشکش کرنے سے پہلے۔

ریاست اخراجات کو پورا کرتی ہے

ڈاکٹروں کے کلینیک کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اگر وہ ویکسین پیش کرتے ہیں تو وہ اپنی ویب سائٹوں یا بلدیات کے صفحات پر معلومات شائع کریں ، تاکہ ویکسینیشن لگوانے کی خواہش رکھنے والے لوگوں کے لئے یہ جاننا آسان ہوجائے کہ کس سے رابطہ کرنا ہے۔ ڈاکٹر جو ویکسین پیش کرنا چاہتے ہیں وہ ادارہ برائے صحت کی آن لائن حل کے ذریعے اس کا آرڈر دے سکتے ہیں۔ ویکسین اور ویکسینیشن ہر فرد کے لئے بلا معاوضہ ہیں ، اور ریاست کے ذریعہ دیئے گئے نرخوں پر تمام اخراجات پورے کیے جاتے ہیں۔ اس ویکسین کے لیے ڈاکٹروں کو اضافی رقم لینے کی اجازت نہیں ہے۔ ناروے میں تمام ویکسین رضاکارانہ ہیں۔ ویکسینیشن پروگرام اگست کے آغاز تک ناروے میں 18 سال سے زیادہ عمر کے ہر فرد

کو ویکسین کی پہلی خوراک کی پیشکش کرے گا۔ جس میں بائیوٹیک - فائزر اور موڈرنہ کی ویکسینیشن استعمال کی جاتی ہیں۔ ویکسینیشن پروگرام سے باہر جانسن ویکسین کے لئے ممکنہ معائنہ کروانا اس لئے ایک اختیاری اسکیم ہے۔

مزید معلومات

- Helsenorge.no پر عوام کے لیے معلومات موجود ہیں
- ناروے کے نظامت صحت کے صفحات پر صحت کے اہلکاروں کے لئے رہنمائی
- ڈاکٹروں کے لئے: نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ سے جانسن ویکسین منگوانے کے بارے میں معلومات